# اللہ پاک کے 99 ناموں کی برکتیں

صفحات 16



آپ انسان ہیں یا جن؟ 01
99 اسماءِ حُسنیٰ اور ان کے فضائل 02
99 اسماءُ الحُسنیٰ کی خواب میں ترغیب 16

پیشکش:
مجلس المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# اللہ پاک کے 99 ناموں کی بَرَکتیں

**دُعائے عطار:** یا اللہ پاک! جو کوئی 16 صفحات کا رِسالہ **"اللہ پاک کے 99 ناموں کی برکتیں"** پڑھ یا سُن لے اُس کی روزی میں برکت دے، اُس پر دُنیا و آخرت میں اپنا خاص فضل و کرم فرما اور اُسے بے حساب بخش دے۔ اٰمِین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

## دُرُود شریف کی فضیلت

اللہ پاک کے آخری نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: جس نے مجھ پر 100 مرتبہ دُرُودِ پاک پڑھا اللہ پاک اُس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھ دیتا ہے کہ یہ نِفاق اور جہنّم کی آگ سے آزاد ہے اور اُسے بروزِ قیامت شُہَدا کے ساتھ رکھے گا۔

(مُعجَم اَوسط، ۵/۲۵۲، حدیث: ۷۲۳۵، دار الکتب العلمیۃ بیروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب　　　　صَلَّی اللّٰہُ علٰی محمَّد

## آپ انسان ہیں یا جِنّ؟

مشہور صَحابی حضرتِ سیِّدُنا ابو دَرْدا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ کی کنیز نے ایک دن عرض کیا: حُضور! سچ بتایئے کہ آپ انسان ہیں یا جن؟ فرمایا: اَلْحَمْدُ لِلّٰہ میں اِنسان ہی ہوں۔ کہنے لگی: مجھے تو انسان نہیں لگتے کیوں کہ میں چالیس دن سے لگاتار آپ کو زَہر کِھلا رہی ہوں مگر آپ کا بال تک بِیکا نہیں ہوا! فرمایا: کیا تجھے معلوم نہیں جو لوگ ہر حال میں ذِکْرُ اللہ کرتے رہتے ہیں اُن کو کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اور میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اِسمِ اعظم کے ساتھ

اللہ پاک کا ذِکر کرتا ہوں۔ پوچھا: وہ اِسمِ اعظم کون سا ہے؟ فرمایا: (میں ہر بار کھانے پینے سے قبل یہ پڑھ لیا کرتا ہوں:)

بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِهٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ۔

(یعنی اللہ پاک کے نام سے شروع کرتا ہوں جس کے نام کی بَرَکت سے زمین و آسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہ سُننے جاننے والا ہے)

اِس کے بعد آپ رَضِیَ اللہُ عَنْہ نے فرمایا کہ تو نے کس وجہ سے مجھے زَہر دیا؟ عرض کیا: مجھے آپ سے بُغض تھا، یہ جواب سنتے ہی آپ رَضِیَ اللہُ عَنْہ نے فرمایا: تُولِوَجۡهِ اللّٰه (یعنی اللہ پاک کیلئے) آزاد ہے اور تُو نے میرے ساتھ جو کچھ کیا وہ بھی میں نے تجھے مُعاف کیا۔

(حَیاۃُ الحَیوانُ الکُبریٰ، باب الحاء، ۱/۳۹۱، دار الکتب العلمیة بیروت، فیضانِ بسم اللہ، ص158، مکتبۃ المدینہ کراچی)

## 99 اَسماءِ حُسنٰی اور ان کے فضائِل

ہر وِرد کے اوّل و آخر ایک بار دُرُود شریف پڑھ لیجئے، فائدہ ظاہر نہ ہونے کی صورت میں شکوہ کرنے کے بجائے اپنی کوتاہیوں کی شامت تصور کیجئے اور اللہ پاک کی حکمت پر نظر رکھئے۔

(1) **یَا اَللّٰهُ:** جو ہر نَماز کے بعد 100 بار پڑھے اِنۡ شَآءَ اللّٰه اُس کا باطن کُشادہ ہو جائے گا۔

(2) **هُوَ اللّٰهُ الرَّحِیۡمُ:** جو ہر نَماز کے بعد 7 بار پڑھ لیا کرے گا اِنۡ شَآءَ اللّٰه شیطان کے شَر سے بچا رہے گا اور اُس کا ایمان پر خاتمہ ہو گا۔

(3) **یَا قُدُّوۡسُ:** کا جو کوئی دورانِ سَفَر وِرد کرتا رہے اِنۡ شَآءَ اللّٰه تھکن سے محفوظ رہے گا۔

(4) **یَا رَحۡمٰنُ:** جو کوئی صُبح کی نَماز کے بعد 298 بار پڑھے گا خُدائے پاک اس پر بہت

رَحْم کرے گا۔اِنْ شَآءَ الله

(5)**یَارَحِیْمُ:** جو کوئی ہر روز 500 بار پڑھے گا اِنْ شَآءَ الله دولت پائے گا اور مخلوق اس پر مہربان اور شفیق ہو گی۔

(6)**یَامَلِكُ:** 90بار جو غریب و نادار روزانہ پڑھا کرے اِنْ شَآءَ الله غربت سے نجات پائے گا۔

(7)**یَاسَلَامُ:** 111 بار پڑھ کر بیمار پر دَم کرنے سے اِنْ شَآءَ الله شِفا حاصِل ہو گی۔

(8)**یَامُؤْمِنُ:** جو115 بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے گا اِنْ شَآءَ الله تندرستی پائے گا۔

(9)**یَامُهَیْمِنُ:** 29 بار روزانہ پڑھنے والا اِنْ شَآءَ الله ہر آفت وبلا سے محفوظ رہے گا۔

(10) **یَاعَزِیْزُ:**41بار حاکم یا افسر وغیرہ کے پاس جانے سے قبل پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ الله وہ حاکم یا افسر مہربان ہو جائے گا۔

(11)**یَاجَبَّارُ:** جو اس کا مسلسل وِرْد رکھے گا اپنی غیبت سے اِنْ شَآءَ الله بچا رہے گا۔

(12) **یَامُتَکَبِّرُ:**21بار روزانہ پڑھ لیجئے، ڈراؤنے خواب آتے ہوں گے تو اِنْ شَآءَ الله خواب میں نہیں ڈریں گے۔ (مُدّتِ علاج: تا حُصُولِ شِفا)

یَامُتَکَبِّرُ زوجہ سے ''مِلاپ'' سے قبل 10 بار پڑھ لینے والا اِنْ شَآءَ الله نیک بیٹے کا باپ بنے گا۔

(13)**یَاخَالِقُ:**جو300بار پڑھے اِنْ شَآءَ الله اس کا دُشمن مغلوب ہو گا۔

(14)**یَابَارِئُ :**10بار جو کوئی ہر جُمعہ کو پڑھ لیا کرے اِنْ شَآءَ الله اُس کو بیٹا عطا ہو گا۔

(15)**یَامُصَوِّرُ:** جو بانجھ عورت 7 روزے رکھے اور اِفطار کے وَقْت 21 بار یَامُصَوِّرُ

پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کرے، اللہ کریم اس کو نیک بیٹا عطا کرے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ

(16) **یَاغَفَّارُ:** جو اِسے ہمیشہ پڑھا کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ نفس کی بُری خواہِشات سے چھٹکارا پائے گا۔

(17) **یَاقَہَّارُ:** 100 بار اگر کوئی مصیبت آپڑے تو پڑھے، اِنْ شَآءَ اللہ مشکل آسان ہو گی۔

(18) **یَاوَھَّابُ:** 7 بار جو روزانہ پڑھا کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ مُسْتَجابُ الدَّعوات ہو گا۔ (یعنی ہر دُعا قبول ہوا کرے گی)

(19) **یَارَزَّاقُ:** جو فجر کے فَرض و سنّت کے درمیان 41 دن تک 550 بار پڑھے گا اِنْ شَآءَ اللہ دولت مند ہو گا۔

(20) **یَافَتَّاحُ:** 70 بار جو روزانہ بعد نَمازِ فَجْر دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر پڑھا کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ اُس کے دل کا زنگ و میل دور ہو گا۔

یَافَتَّاحُ 7 بار جو روزانہ (کسی بھی وقت دن میں ایک مرتبہ) پڑھا کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ اُس کا دل روشن ہو گا۔

(21) **یَاعَلِیْمُ:** جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے گا اللہ پاک اس کو دِین و دُنیا کی معرفت عطا فرمائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ

(22) **یَاقَابِضُ، یَابَاسِطُ:** 30 بار جو ہر روز پڑھا کرے اِنْ شَآءَ اللہ وہ دشمن پر فتح پائے گا۔

(23) **یَابَاسِطُ:** جو 40 بار پڑھے اِنْ شَآءَ اللہ خَلْق سے بے پرواہ ہو گا۔

(24) **یَاخَافِضُ:** جو کوئی اسے 500 بار پڑھ لے اِنْ شَآءَ اللہ دشمن سے اَمان میں رہے گا۔

(25) **یَارَافِعُ:** 20 بار جو روزانہ پڑھا کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ اُس کی مُراد پوری ہو گی۔

(26) **یَامُعِزُّ:** جو کوئی اسے بعد نَمازِ عشا شبِ جُمعہ 140 بار پڑھے، مخلوق کی نظر میں اس کی عزّت وحُرمت اور ہیبت بڑھے گی۔ اِنْ شَآءَ اللہ

(27) **یَاحَکَمُ:** جو پانچوں وَقت ہر نَماز کے بعد 80 بار پڑھ لیا کرے کسی کا محتاج نہ ہو گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ

(28) **یَابَصِیْرُ:** 7 بار جو کوئی روزانہ بوقتِ عَصر (یعنی ابتدائے وَقتِ عصر تا غروبِ آفتاب کسی بھی وقت) پڑھ لیا کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ اچانک موت سے محفوظ رہے گا۔

(29) **یَاسَمِیْعُ:** 100 بار جو روزانہ پڑھے اوراس دوران گفتگو نہ کرے اور پڑھ کر دُعا مانگے اِنْ شَآءَ اللہ جو مانگے گا پائے گا۔

(30) **یَامُذِلُّ، یَامُعِزُّ:** جو کوئی 75 بار پڑھ کر سَجدہ کرے اور کہے: یا الٰہی! فُلاں ظالم کے شَر سے مجھے محفوظ رکھ، اللہ پاک اُسے اَمان دیگا اور اپنی حفاظت میں رکھے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ

(31) **یَاعَدْلُ:** جو کوئی مغرِب کی نَماز کے بعد 1000 بار پڑھے گا اِنْ شَآءَ اللہ آسمانی بلاؤں سے نَجات پائے گا۔

(32) **یَالَطِیْفُ:** بیٹیوں کے نصیب کھلنے اور اَمراض سے صِحّت اور مشکلات سے نَجات کے لئے ہر روز تَحِیَّۃُ الْوُضُو کے بعد 100 بار پڑھ لیا کرے۔

(33) **یَاخَبِیْرُ:** جو کوئی نفسِ اَمّارہ کے ہاتھ گرفتار ہو تو ہر روز وظیفہ کرلیا کرے اِنْ شَآءَ اللہ نَجات پائے گا۔

(34) **یَاحَلِیْمُ:** جو کوئی اس کو کاغذ پر لکھ کر پھر اس کو دھو دے اور اپنی کھیتی پر چھڑک دے، اِنْ شَآءَ اللہ زراعت ہر آفت سے حفاظت میں رہے گی۔

(35) **یَا عَظِیْمُ**: جو 7 دفعہ پانی پر پڑھ کر دم کرکے پانی پی لے اِنْ شَآءَ اللہ اس کے پیٹ میں درد نہ ہو۔

(36) **یَا غَفُوْرُ**: جس کو دردِ سَر یا کوئی بیماری یا غم پیش آجائے 3 بار یَا غَفُوْرُ کی مقطعات لکھ کر (یعنی اس اسمِ پاک کو کاغذ پر لکھ کر اس کی گیلی سیاہی پر روٹی کا ٹکڑا لگا کر وہ نقش روٹی میں جذب کرلے اور) کھالے، اِنْ شَآءَ اللہ شِفا پائے گا۔

(37) **یَا شَکُوْرُ**: جو کوئی **5000** بار روز پڑھا کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ قِیامت کے دن بُلند مرتبہ ہو گا۔

(38) **یَا عَلِیُّ**: جو ورم (یعنی سوجن) پر 3 بار پڑھ کر دم کرے اِنْ شَآءَ اللہ صِحّت پائے گا۔

(39) **یَا کَبِیْرُ**: جو 9 دفعہ کسی بیمار پر پڑھ کر دم کرے اِنْ شَآءَ اللہ صِحّت یاب ہو جائے گا۔

(40) **یَا حَفِیْظُ**: جو 16 بار ہر روز پڑھے اِنْ شَآءَ اللہ ہر طرح بہادُر رہے۔

(41) **یَا مُقِیْتُ**: جس کی آنکھ سُرخ ہو اور درد کرے 10 بار پڑھ کر دم کرلے۔

(42) **یَا حَسِیْبُ**: جو ہر روز 70 بار پڑھے گا اِنْ شَآءَ اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

(43) **یَا جَلِیْلُ**: 10 بار پڑھ کر جو اپنے مال واسباب اور رقم وغیرہ پر دم کردے اِنْ شَآءَ اللہ چوری سے محفوظ رہے گا۔

(44) **یَا کَرِیْمُ**: اگر اپنے بستر میں اس کو پڑھتے پڑھتے سو جائے تو فِرِشتے اس کے لئے دُعا کریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللہ

(45) **یَا رَقِیْبُ**: جو کوئی پھوڑے پھنسی پر 3 بار پڑھ کر پھونک دے گا اِنْ شَآءَ اللہ شِفا حاصل ہو گی۔

(46) **یَامُجِیْبُ** : جو کوئی 3 بار پڑھ کر دم کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ دردِ سَر دُور ہو گا۔

(47) **یَاوَاسِعُ** : جس کو بچھو کاٹ لے وہ 70 بار پڑھ کر دم کرے اِنْ شَآءَ اللہ زہر اثر نہ کرے گا۔

(48) **یَاحَکِیْمُ** :80 بار جو روزانہ پانچوں نَمازوں کے بعد پڑھ لیا کرے اِنْ شَآءَ اللہ کسی کا محتاج نہ ہو۔

(49) **یَاوَدُوْدُ** : اس اسم کو 1000 بار کھانے پر پڑھ کر جس جانب سے نامُوافقت ہو اسے کھلا دیں اِنْ شَآءَ اللہ دُشمنی ختم ہو جائے گی۔

(50) **یَامَجِیْدُ** : جو گرمیوں میں اسے پڑھے گا اِنْ شَآءَ اللہ پیاس سے مامون (یعنی محفوظ) رہے گا۔

(51) **یَابَاعِثُ** : جو کوئی 7 بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے اور حاکم کے رو برو جائے اِنْ شَآءَ اللہ حاکم مہربان ہو۔

(52) **یَاشَھِیْدُ** : 21 بار صُبح (طلوعِ آفتاب سے پہلے پہلے) نافرمان بچّے یا بچّی کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر آسمان کی طرف مُنہ کر کے جو پڑھے اِنْ شَآءَ اللہ اُس کا وہ بچّہ یا بچّی نیک بنے۔

(53) **یَاحَقُّ** : اگر قیدی آدھی رات کو ننگے سَر 108 بار پڑھے گا اِنْ شَآءَ اللہ قید سے رہائی پائے گا۔

(54) **یَاوَکِیْلُ** : 7 بار جو روزانہ عَصر کے وَقت پڑھ لیا کرے اِنْ شَآءَ اللہ آفت سے پناہ پائے۔

(55) **یَاقَوِیُّ** : اگر جُمعہ کی دوسری ساعت میں بہت پڑھے گا اِنْ شَآءَ اللہ نسیان (یعنی بھُولنے کا مرض) جاتا رہے گا۔

(56) **یَامَتِیْنُ** : جس بچّے کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو اسے کاغذ پر لکھ کر پلا دیں، تسکین ہو گی

اور ماں کا دودھ کم ہو تو اسی اسمِ پاک کو لکھ کر پلا دیں دودھ زیادہ ہو گا۔

(57) **یَاوَلِیُّ** : جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے گا اِنْ شَآءَ اللہ اس کی زوجہ اس کی فرماں بردار ہو جائے گی۔

(58) **یَاحَمِیْدُ**: 90بار جس کی گندی باتوں کی عادت نہ جاتی ہو وہ پڑھ کر کسی خالی پیالے یا گلاس میں دم کر دے۔ حسبِ ضَرورت اُسی میں پانی پیا کرے اِنْ شَآءَ اللہ فحش گوئی کی عادت نکل جائے گی۔ (ایک بار کا دم کیا ہوا گلاس برسوں تک چلا سکتے ہیں)

(59) **یَامُحْیِیُ**: 7 بار پڑھ کر اپنے اُوپر دم کر لیجئے، گیس ہو یا پیٹ یا کسی بھی جگہ درد ہو یا کسی عُضْو کے ضائع ہو جانے کا خوف ہو اِنْ شَآءَ اللہ فائدہ ہو گا۔ (مدت علاج : تا حصولِ شفا، روزانہ کم از کم ایک بار)

(60) **یَامُحْیِیُ، یَامُمِیْتُ** : 7 بار روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کیجئے اِنْ شَآءَ اللہ جادُو اثر نہیں کرے گا۔

(61) **یَاحَیُّ** : جو کوئی بیمار ہو اس اسم کو1000 بار پڑھے اِنْ شَآءَ اللہ صحّت پائے گا۔

(62) **یَاقَیُّوْمُ**: صبح کے وقت جو کوئی اس کو کثرت سے پڑھے گا اِنْ شَآءَ اللہ اس کا تصرُّف دلوں میں ظاہر ہو گا یعنی لوگ اس کو دوست رکھیں گے۔

(63) **یَاوَاجِدُ**: جو کوئی کھانا کھاتے وقت ہر نوالہ پر پڑھا کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ وہ کھانا اُس کے پیٹ میں نُور ہو گا اور بیماری دور ہو گی۔

(64) **یَامَاجِدُ**: 10 بار پڑھ کر شربت وغیرہ پر دم کر کے جو پی لیا کرے اِنْ شَآءَ اللہ بیمار نہ ہو گا۔

(65) **یَاوَاحِدُ** : 1001 بار، جس کو اکیلے میں ڈر لگتا ہو، تنہائی میں پڑھ لے اِنْ شَآءَ اللہ

اُس کے دل سے خوف جاتا رہے گا۔

(66)**یَا اَحَدُ** :جو کوئی اس اسم کو 9 مرتبہ پڑھ کر حاکم کے آگے جائے اِنْ شَآءَ اللہ عزّت اور سر فرازی پائے گا،جو تنہا اسے ہزار بار پڑھے گا نیک بن جائے گا۔اِنْ شَآءَ اللہ

(67)**یَا صَمَدُ** :جو اسے 1000 بار پڑھے گا اِنْ شَآءَ اللہ دشمن پر فتح پائے گا۔

(68)**یَا قَادِرُ**: جو وُضُو کے دوران ہر عُضْو دھوتے ہوئے پڑھنے کا معمول بنا لے اِنْ شَآءَ اللہ دشمن اس کو اغوا نہیں کر سکے گا۔

یَاقَادِرُ 41بار مشکل آپڑے تو پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ آسانی ہو جائیگی۔

(69) **یَامُقْتَدِرُ**: 20بار جو روزانہ پڑھ لیا کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ رَحمتوں کے سائے میں رہے گا۔

یَامُقْتَدِرُ: 20 بار جو نیند سے بیدار ہو کر پڑھ لیا کرے گا اُس کے ہر کام میں مددِ الٰہی شامل رہے گی۔

(70)**یَا مُقَدِّمُ** :جو جنگ یا کسی خوف کی جگہ پر بے چینی کی حالت میں ہو تو وہ اس اسمِ مبارک کی کثرت کرے۔

(71)**یَامُؤَخِّرُ**:100بار ہر روز پڑھنے والے کے اِنْ شَآءَ اللہ سب کام پورے ہوں گے۔

(72) **یَااَوَّلُ** :100بار روزانہ پڑھ لیا کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ اُس کی زوجہ اُس سے مَحَبَّت کرے گی۔

(73)**یَا آخِرُ** :جو کسی جگہ جائے اور اِس اسمِ پاک کو پڑھ لے اِنْ شَآءَ اللہ وہاں عزّت و توقیر پائے گا۔

(74)**یَاظَاھِرُ**:گھر کی دیوار پر لکھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ دیوار سلامت رہے گی۔

(75) **یَا بَاطِنُ** : جو کسی کو اَمانت سونپے یا زمین میں دفن کرے تو اَلْبَاطِنُ لکھ کر اس شے کے ساتھ رکھ دے اِنْ شَآءَ اللہ کوئی اس میں خیانت نہ کرسکے گا۔

(76) **یَا وَالِی** : جو کوئی کورے پیالے پر لکھ کر اس میں پانی بھر کر گھر کے درودیوار پر ڈالے تو اِنْ شَآءَ اللہ وہ گھر آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

(77) **یَا مُتَعَالِی**: مشکل ترین کاموں کے لئے اس کی کثرت بے حد مُفید ہے۔

(78) **یَا بَرُّ**: جو شخص 7 مرتبہ پڑھ کر بچّے پر دم کر کے اللہ پاک کی سپردگی میں دیدے بالغ ہونے تک اِنْ شَآءَ اللہ وہ بچّہ بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

(79) **یَا تَوَّابُ** : جو کوئی چاشت کی نَماز کے بعد 360 بار اس کو پڑھے گا اللہ کریم اس کو توبۃُ النَّصُوح (یعنی سچّی توبہ) نصیب فرمائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ

(80) **یَا مُنْتَقِمُ، یَا عَفُوُّ** : دُشمن کو دوست بنانے کے لئے تین جُمعہ تک اس کو کثرت سے پڑھے۔

(81) **یَا عَفُوُّ**: جس کے گُناہ بہت ہوں وہ اس اسمِ پاک کی کثرت کرے اللہ پاک اپنے فضل سے اس کے تمام گُناہ بخش دے گا۔

(82) **یَا رَءُوْفُ**:10 بار جو کسی مظلوم کا کسی ظالم سے پیچھا چھڑانا چاہے، پڑھے پھر اُس ظالم سے بات کرے اِنْ شَآءَ اللہ وہ ظالم اُس کی سفارش قبول کرلے گا۔

(83) **یَا مَالِكَ الْمُلْكِ** : جو اِس کی کثرت کرے گا اِنْ شَآءَ اللہ خوشحال ہو گا۔

(84) **یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام**: اس کی کثرت سے خوشحالی نصیب ہو گی اور اس کے ساتھ دُعا کرنے سے دُعا مقبول ہو گی۔ اِنْ شَآءَ اللہ

(85) **یَا مُقْسِطُ**: شیطانی وَسوسوں سے بچنے کے لئے 100 مرتبہ پڑھنا بہُت مُفید

ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہ

(86) **یَاجَامِعُ**: جس کے عزیز و اقارِب جُدا ہو گئے ہوں، چاشت کے وَقت غُسل کر کے آسمان کی طرف مُنہ کر کے 10 بار اس اسم کو پڑھے اور ہر بار میں ایک انگلی بند کرتا جائے پھر اپنے منہ پر ہاتھ پھیرے اِنْ شَآءَ اللہ تھوڑے عرصہ میں سب جمع ہو جائیں گے۔

(87) **یَاغَنِیُّ**: ریڑھ کی ہڈی، گھٹنوں، جوڑوں یا جسم میں کہیں بھی درد ہو، چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے پڑھتے رہئے اِنْ شَآءَ اللہ درد جاتا رہے گا۔

(88) **یَامُغْنِیُ**: ایک بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے درد کی جگہ پر ملنے سے اِنْ شَآءَ اللہ سُکون ملے گا۔

(89) **یَامَانِعُ، یَامُعْطِیُ**: 20 بار بیوی ناراض ہو تو شوہر اور اگر شوہر ناراض ہو تو بیوی سونے سے قبل بچھونے پر بیٹھ کر پڑھے اِنْ شَآءَ اللہ صُلح ہو جائے گی۔ (مدّت: تا حصولِ مراد)

(90) **یَاضَآرُّ، یَا نَافِعُ**: جسے کوئی منصب ملے اور وہ اُس پر قائم رہنا چاہے تو وہ ہر شبِ جُمعہ اور اَیّامِ بِیض (یعنی ہر اسلامی ماہ کی 13، 14، 15 تاریخ) میں 100 بار پڑھے۔

(91) **یَا نَافِعُ**: 20 بار جو کسی کام کو شُروع کرنے سے قبل پڑھ لے اِنْ شَآءَ اللہ وہ کام اُس کی مرضی کے مطابق پورا ہو گا۔

(92) **یَا نُوْرُ**: جو 7 مرتبہ سورۂ نور اور 1001 بار یا نُوْرُ پڑھے اِنْ شَآءَ اللہ اس کا دل روشن ہو جائے گا۔

(93) **یَاھَادِیُ**: جو کوئی آسمان کی طرف مُنہ کر کے ہاتھ اُٹھا کر اس اسم کو کثرت سے پڑھے

اور وہ ہاتھ اپنے مُنہ اور آنکھوں پر مَل لے اِنْ شَآءَ الله اہلِ معرفت کا مرتبہ پائے گا۔

(94) **یَابَدِیْعُ :** جس کو کوئی سخت مہم (یعنی معاملہ) درپیش ہو 70,000 (ستّر ہزار) بار پڑھے اِنْ شَآءَ الله کامیاب ہو گا۔

(95) **یَا بَاقِیْ :** جو سورج نکلنے سے پہلے 100 بار روز پڑھے گا اِنْ شَآءَ الله دُکھ سے محفوظ رہے گا۔

(96) **یَاوَارِثُ :** جو اس کا وِرد کرے گا اِنْ شَآءَ الله اس کی عمر دراز (یعنی لمبی) ہو گی۔

(97) **یَارَشِیْدُ :** جو شخص کسی کام کی تدبیر نہ جانتا ہو وہ مغرِب اور عِشا کے درمیان 1000 بار پڑھے اِنْ شَآءَ الله صحیح تدبیر اس کے دل میں آجائے گی۔

(98) **یَاصَبُوْرُ:** جس کو دَرد یا رَنج یا مُصیبت پیش آئے 33 بار پڑھے اِنْ شَآءَ الله سُکون حاصل ہو گا۔

(99) **یَامُؤَخِّرُ** جو اس نام کو کسی نَماز کے بعد 100 بار پڑھے گا اِنْ شَآءَ الله اس کا دل اللہ پاک کی مَحَبَّت اور اس کی یاد میں رہے۔

## سِنگر (گلوکار) دعوتِ اسلامی میں کیسے آیا؟

**اے عاشقانِ رسول!** بس ہر دم دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ رہئے اِنْ شَآءَ الله دونوں جہاں میں بیڑا پار ہو گا چنانچہ ملیر (کراچی) کے ایک اسلامی بھائی (عمر تقریباً 27 سال) کا بیان کچھ یوں ہے کہ مجھے بچپن میں نعتیں پڑھنے کا شوق تھا، گھریلو فنکشنز (تقاریب) میں بھی کبھی کبھار فرمائشی گانا گا لیتا، آواز اچھی ہونے کے سبب خوب داد ملتی جس سے میں ''پھول'' پڑتا۔ جب تھوڑا بڑا ہوا تو گِٹار (ایک آلۂ مُوسیقی)

سیکھنے کا شوق ہو گیا، پھر میں نے باقاعدہ گانا سیکھنے کے لئے اِکیڈمی میں داخِلہ لے لیا، کئی سال تک سیکھنے کے بعد میں نے گانے کے مقابلوں میں حصّہ لینا شُروع کر دیا، کئی ٹی وی چینلز پر بھی گایا۔ وقت کے ساتھ ساتھ شُہرت بھی ملتی گئی پھر مجھے دبئی کے بہت بڑے شو (پروگرام) میں شرکت کا موقع ملا، وہاں سے ہند (بھارت) چلا گیا جہاں تقریباً چھ ماہ تک گانے کے مختلف مقابلوں میں حصّہ لیا، بڑے بڑے فنکشنز اور فلموں میں گانا گایا اور کافی نام ومال کمایا پھر گلوکاروں کی ٹیم کے ساتھ دنیا کے مختلف ممالک کینیڈا (ٹورنٹو، وِینکُوَر)، امریکہ کے 10 اسٹیٹس (شِکاگو، لاس انجیلس، سان فرانسسکو وغیرہ)، انگلینڈ (لندن) میں گیا۔ جب کچھ عرصے کے لئے وطن آیا تو اہلِ خانہ اور محلّے داروں نے بڑی پذیرائی کی، اگرچہ نفس کو اس سے بڑا مزہ آیا مگر دل کی دنیا بے سُکون تھی، کچھ کمی سی محسوس ہو رہی تھی، دل روحانیت کا طلبگار تھا، نَماز کے لئے مسجِد میں آنا جانا ہوا تو وہاں پر عشا کی نَماز کے بعد ہونے والے درسِ **فیضانِ سنّت** میں شرکت کی سعادت ملی ، درس اچّھا لگا، لہٰذا میں کبھی کبھار اُس میں بیٹھنے لگا مگر دل ودماغ پر باربار ملک سے باہَر جانے، خوب گانے سنانے، دَھن دولت کمانے اور شہرت پانے کا بھوت سُوار تھا، درس کے بعد اسلامی بھائی مجھ پر جُوں ہی **اِنفرادی کوشش** شُروع کرتے میں ٹال مَٹول کر کے نکل جاتا۔ ایک رات سویا تو خواب میں **دعوتِ اسلامی** کے ایک مبلّغ کی زیارت ہوئی جو بُلند جگہ پر کھڑے مجھے اپنے پاس بلا رہے تھے گویا کہ مجھے گُناہوں کے دلدل سے نکلنے پر اُبھار رہے تھے، جب صبح اٹھا تو اپنے موجودہ اندازِ زندگی پر کچھ دیر غور و فکر کیا مگر گُناہوں بھری حالت ہی رہی، کچھ عرصے بعد میں نے

ایک اور خواب دیکھا جس نے مجھے ہِلا کر رکھ دیا! کیا دیکھتا ہوں کہ میں مر چکا ہوں اور میری لاش کو غسل دیا جارہا ہے پھر میں نے خود کو برزخ میں پایا، اُس وقت میں نے اپنے آپ کو ایسا بے بس محسوس کیا کہ کبھی نہ کیا تھا، اب میں نے خود سے کہا: "تم بہت مشہور ہونا چاہتے تھے، دیکھ لی اپنی اوقات!" صُبح جب آنکھ کُھلی تو میں پسینے میں نہایا ہوا تھا اور میرا بدن تھر تھر کانپ رہا تھا اور یوں لگ رہا تھا گویا ایک موقع اور دیتے ہوئے مجھے دوبارہ دُنیا میں بھیج دیا گیا ہو، اب میرے سَر سے گانا گانے کا بھوت مکمَّل طور پر اُتر چکا تھا، میں نے گُناہوں سے سچّی توبہ کی اور عزمِ مصمّم کر لیا کہ آئندہ کسی صورت میں بھی گانا نہیں گاؤں گا۔ جب گھر والوں کو اس بات کا پتا چلا تو انہوں نے سَخْت مُزاحَمَت کی مگر اللہ پاک اور رسول صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے کرم سے میرا مَدَنی ذِہن بن چکا تھا، لہٰذا میں اپنے فیصلے پر قائم رہا۔ مجھے خواب میں دوبارہ اسی مبلِّغ دعوتِ اسلامی کی زیارت ہوئی، انہوں نے میری حوصلہ افزائی فرمائی۔ اللہ پاک کے اِس ارشاد مبارک:

وَ الَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَاؕ-وَ اِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ۠ (۶۹)

(ترجَمۂ کنزالایمان: اور جنہوں نے ہماری راہ میں کوشش کی ضَرور ہم انہیں اپنے راستے دکھادیں گے اور بے شک اللہ نیکوں کے ساتھ ہے۔(پ۲۱، العنکبوت:۶۹)) کے مِصداق مجھے دعوتِ اسلامی میں استِقامت ملتی چلی گئی۔ میں نے نَمازوں کی پابندی شُروع کر دی، اپنے چہرے پر داڑھی شریف سجالی اور اپنے سَر کو سبز سبز عمامے سے سَرسبز کر لیا۔ پہلے میں گانوں کے اشعار پڑھا کرتا تھا اب مکتبۃُ المدینہ سے شائع ہونے والی کتب ورسائل کا مطالعہ کرنا میرا معمول تھا۔ ایک رات کوئی کتاب پڑھتے پڑھتے جب سویا تو

میری قسمت انگڑائی لے کر جاگ اُٹھی اور مجھے خواب میں اپنے آقا و مولیٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی زیارت نصیب ہوگئی جس پر میں اپنے رب کا جتنا بھی شکر کروں کم ہے۔ اس سے میرے دل کو بڑی ڈھارس ملی۔ پھر مفتیِ دعوتِ اسلامی حضرتِ علّامہ حافظ مفتی محمد فاروق عطّاری مدنی رَحمۃُ اللہِ علیہ کی قبرِ مبارک مسلسل برسات کی وجہ سے جب کُھلی تو ان کے صحیح سلامت بدن، تازہ کفن، سبز سبز عمامے اور زلفوں کے جلوے دیکھ کر میں خوشی سے جُھوم اُٹھا کہ دعوتِ اسلامی کے وابَستگان پر اللہ پاک اور رسول صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا کیسا کرم و احسان ہے۔ مَدَنی کام کرتے کرتے کل کا گلوکار جنید شیخ مَدَنی ماحول کی برکت سے آج کا مبلّغ و نعت خواں بن گیا، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ تادمِ تحریر مجھے دعوتِ اسلامی کی ذیلی مُشاوَرت کے خادِم (نگران) کی حیثیت سے مسجِد اور بازار میں فیضانِ سنّت کا درس دینے، صدائے مدینہ لگانے یعنی نمازِ فجر کیلئے جگانے، عَلاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کرنے کی سعادت حاصل ہے۔ اللہ پاک مجھے مرتے دم تک مَدَنی ماحول میں استِقامت نصیب فرمائے۔ اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

## 99 اَسماءُ الْحُسنٰی کی خواب میں ترغیب

اے عاشقانِ رسول! دنیا کے مشہور و معروف سابِق گلوکار (SINGER) **جنید شیخ** نے یہ "مدنی بہار" لکھوا دینے کے کچھ دن بعد سگِ مدینہ عُفِیَ عَنْہُ (یعنی اَمیرِ اہلِ سنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ) کو بتایا کہ "اَلْحَمْدُ لِلّٰہ حال ہی میں مجھے پھر ایک بار سرکارِ نامدار صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا دیدار ہوا، جس میں اللہ پاک کے **اَسْمَاءُ الْحُسْنٰی** یاد کرنے کا اشارہ ملا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! وہ میں نے یاد کر لئے ہیں۔" پیارے پیارے اسلامی بھائیو! سُبْحٰنَ اللہ! یوں تو حدیثِ

پاک میں 99 اَسْمَاءُ الْحُسْنٰی یاد کرنے کی فضیلت موجود ہے مگر خوش نصیبی کی معراج کہ آقا صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے خواب میں تشریف لاکر اپنے دیوانے کو خصوصیت کے ساتھ اِس کی ترغیب ارشاد فرمائی۔99 اَسْمَاءُ الْحُسْنٰی کی فضیلت سنئے اور جھومئے: چُنانچہ اللہ کریم کے مَحبوب صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ رحمت نشان ہے: اللہ پاک کے ننانوے نام ہیں جس نے انہیں یاد کر لیا وہ جنّت میں داخل ہوگا۔ (بُخاری، کتاب الشروط، باب مایجوز من الاشراط۔۔۔ الخ، ۲/۲۲۹، حدیث: ۲۷۳۶، دار الکتب العلمیۃ بیروت)

(تفصیلی معلومات کیلئے "نزہۃُ القاری شرح صحیح البخاری" صَفْحَہ 895 تا 898 ملاحظہ فرمایئے)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صلَّی اللہُ علٰی محمَّد

## فہرس


| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|
| دُرُود شریف کی فضیلت | 1 | سِنگر (گلوکار) دعوتِ اسلامی میں کیسے آیا؟ | 12 |
| آپ انسان ہیں یا جِنّ؟ | 1 | 99 اَسماءُ الحُسنٰی کی خواب میں ترغیب | 15 |
| 99 اَسماءِ حُسنٰی اور ان کے فضائل | 2 | ***** | |


## دیمک سے حفاظت

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ 41 بار پڑھ کر ذخیرہ کی ہوئی چیزوں اور کتابوں وغیرہ پر دم کر دیا جائے تو دیمک اور دوسرے کیڑے مکوڑوں سے اِنْ شَآءَ اللہ حفاظت ہوگی۔ (چڑیا اور اندھا سانپ، ص ۳۲)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## مُنہ کی بُو دور کرنے کا طریقہ

☆ نیم کے 12 پتے ایک گلاس پانی میں اچھی طرح اُبال کر چھان لیجئے، پانی کی گرمی کچھ کم ہونے پر اس سے غرارے کیجئے، یہ جراثیم کش ہے، اس کے باقاعدہ استعمال سے منہ کا اندرونی حصہ صاف ہوتا اور منہ کی بدبو دور ہو جاتی ہے۔

☆ نیم گرم پانی میں نمک ملا کر غرارے کیجئے، نمک میں پائے جانے والے عناصر مردہ خلیوں کو نکال کر منہ کی بدبو دور کرتے ہیں۔ (40 روحانی علاج، ص 17)

978-969-722-139-4
01082101

فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net